Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

# TYWLS کے نئے طالب علم کا پیکٹ!

عزیزانِ کلاس سال 2027 و 2030

TYWLS میں خوش آمدید اور اس ملک کے بہترین یک صنف اور بلا معاوضہ اسکولوں میں سے ایک میں منتخب ہونے پر مبارکباد! آپ نے ایلیمنٹری اسکول میں جو کام کامیابی کے ساتھ مکمل کیا ہے مجھے اس پر بہت فخر ہے اور میں آپ کے ساتھ مڈل یا ہائی اسکول کا آغاز کرنے کے لیے بیتاب ہوں۔ کئی اساتذہ آپ سے ملاقات کرنے کے لیے مشتاق ہیں۔ آپ مجھے اکثر دیکھیں گے لیکن اگر آپ اپنا تعارف کروانا چاہتی ہیں تو اپنے تعارف کے لیے تشریف لائیے ، میں دفتر 321 میں ہوتی ہوں۔

ہم نے آپ اور آپ کے اہل خانہ کے لیے چند مفید معلومات تیار کی ہیں، براہِ مہربانی ان کا اکٹھے مطالعہ کریں۔ ایک مرتبہ پھر سے سال 2027 اور 2030 کی کلاس کو مبارکباد۔

- اسکول کے سامان کی فہرست
- اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)
- محکمئہ تعلیم (DOE) سے متعلق اہم معلومات

اہم معلومات

- **TYWLS کے بارے میں الیکٹرانک انداز میں معلومات تک رسائی حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے؟**
  - ہمارے پس منظر اور کامیابیوں کے بارے میں جاننے کے لیے ہمارے اسکول کی ویب سائٹ (www.tywlsqueens.com) پر جائیں۔
  - ہمیں انسٹاگرام اور ٹوئیٹر پر فالو کریں
- **میرے دن کے آغاز اور اختتام کے اوقات کیا ہیں؟**
  - اسکول کا پہلا دن جمعرات، 7 ستمبر، 2023 ہے۔
  - ناشتہ روزانہ صبح 7:30 سے صبح 7:55 تک دیا جاتا ہے۔
  - اسکول کا آغاز صبح ٹھیک **8:00** بجے ہو جاتا ہے۔ **آپ داخلے کے لیے 155th St اور 87th Ave اور 87th Rd کے درمیان واقع ڈھلوان (ریمپ) والے راستے کو استعمال کریں گی۔**
  - اسکول ہر روز دوپہر **2:17** بجے ختم ہو جاتا ہے۔ **آپ چھٹی کے وقت اسکول کے سامنے والے داخلی دروازے استعمال کریں گی**
- **مجھے میٹرو کارڈ کب ملے گا؟**
  - میٹرو کارڈز اسکول کے پہلے دن تقسیم کیے جائیں گے۔
- **کیا میرے والدین میرے پہلے دن مجھے کلاس تک لے کر جا سکتے ہیں؟**
  - معذرت، لیکن اب آپ بڑی ہو گئی ہیں! جب آپ اسکول پہنچیں گی، آپ اپنے اہل خانہ کے فرد (افراد) کو گلے لگا اور بوسہ دے سکتی ہیں اور تصویر بھی بنا سکتی ہیں لیکن عمارت میں صرف آپ خود داخل ہوں گی۔

بخلوص،

Mala Panday، پرنسپل

Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

مکرمی TYWLS کے طلبا اور اہلِ خانہ،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کا موسم گرما خوشگوار گزرا ہوگا اور آپ کو اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ میل جول اور آرام کرنے کا موقع مئیّسر آیا ہو گا۔ اب جب ہم ستمبر میں اسکول کھل جانے کی طرف نظر دوڑائیں تو اسکول کے سامان سے متعلق آپ کے ذہنوں میں کئی سوالات ہوں گے۔ ذیل میں اسکول میں ضرورت کی وہ اشیا لکھی گئی ہیں جو ہم تجویز کرتے ہیں۔ یہ محض ایک ابتدائی فہرست ہے اور آنے والے ہفتوں میں ایک مفصل فہرست جاری کی جائے گی۔

| **سامان** |
| --- |
| انٹرنیٹ کے قابل آلات (کمپیوٹر، آئی پَیڈ ۔ ٹیبلٹ، اسمارٹ فون، وغیرہ) |
| ہاتھوں کا جراثیم کُش (سینی ٹائزر) |
| وائپس |
| ہر کلاس کے لیے فولڈر |
| ایک کامپوزیشن نوٹ بُک (صرف طالبہ کے ذاتی استعمال کے لیے) |
| قلم (صرف طالبہ کے ذاتی استعمال کے لیے) |
| پینسلیں (صرف طالبہ کے ذاتی استعمال کے لیے) |
| نمبر والا تالا |

Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

# گھنٹی کے اوقات کار 2023-2024

| پیریڈز | وقت |
|---|---|
| صبح کے لاکرز | 8:00 - 8:03 |
| 1 | 8:03 - 8:48 |
| 2 | 9:35 - 8:50 |
| 3 | 10:22 - 9:37 |
| 4 | 10:24 - 11:09 |
| 5 | 11:11 - 11:56 |
| 6 | 12:43 - 11:58 |
| 7 | 1:30 - 12:45 |
| 8 | 1:32 - 2:17 |
| دوپہر کے لاکرز | 2:17 - 2:20 |
| چھٹی | 2:20 |

Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)

1. **میں اسکول یونیفارم کیسے آرڈر کروں؟**
   a. TYWLS یونیفارم آرڈر کرنے کے لیے، برائے مہربانی ذیلی اقدامات پر عمل کریں:
   TYWLS یونیفارم: 2024-2023

2. **میری بیٹی کو اسکا شیڈیول کب معلوم ہوگا؟**
   a. 7 ستمبر، 2023 کو پروگرام تقسیم کیے جائیں گے۔

3. **مجھے اسکول گیر تقریبات کے بارے میں معلومات کیسے موصول ہوں گی؟**
   a. ہر طالب علم کو ایک ماہانہ کلینڈر ملے گا جس میں اہم تاریخیں اور اسکول گیر تقریبات کی تفصیلات درج ہونگی۔ اسکول گیر اعلانات کے لیے گوگل کلاس روم TYWLS اسکُوپ میں لاگ اِن ہوں۔

4. **میں اساتذہ سے کس طرح رابطہ کر سکتا ہوں؟**
   a. ہر منگل کو دوپہر 2:55 سے لیکر سہ پہر3:25 تک کا وقت اساتذہ کے لیے اہل خانہ سے رابطہ کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ ہفتہ وار اہل خانہ اس وقت کے دوران اساتذہ کے ساتھ ملاقات کر سکتے ہیں۔

Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

# مثال: نویں گریڈ کا نمونہ شیڈول

یہ آپ کی طالبہ کا ID نمبر ہے، جب سے آپ نیویارک شہر پبلک اسکولز میں داخل ہوئی ہیں آپ کا یہی نمبر تھا! آپ اپنے اسکول کے تمام وقت کے دوران کھانا لینے اور کئی دیگر چیزوں کے لیے یہ نمبر استعمال کرینگی۔

یہ آپ کی باضابطہ کلاس ہے۔ اس کلاس میں تمام طلبا کا ایک جیسا شیڈیول نہیں ہوگا، مگر یہ ایک طرح کے ہونگے۔

یہ آپکی رہنما مشیر، Ms. Burdier ہیں، جو آپ کے کوئی بھی سوالات یا خدشات کے بارے میں آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں۔ یہ گریڈ 9 کے لیے آپکی مشیر ہوں گی۔ Mr. Powis گریڈز 10-12 کے لیے آپکی مشیر ہوں گی۔

| Student ID | Last Name | First Name | Gender | Official Class | GL | Counselor |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 123456789 | Last Name | First Name | F | 901 | 09 | BURDIER VANNESSA |

| | Monday | Tuesday | Wednesday | Thursday | Friday |
|---|---|---|---|---|---|
| Period: 1 | HUS21 / 1<br>US HISTORY 1 OF 2<br>OTTO / 223 | HUS21 / 1<br>US HISTORY 1 OF 2<br>OTTO / 223 | HUS21 / 1<br>US HISTORY 1 OF 2<br>OTTO / 223 | HUS21 / 1<br>US HISTORY 1 OF 2<br>OTTO / 223 | HUS21 / 1<br>US HISTORY 1 OF 2<br>OTTO / 223 |
| Period: 2 | SLS21 / 3<br>LIVING ENV 1 OF 2<br>BRATHWAITE / 318 | SLS21 / 3<br>LIVING ENV 1 OF 2<br>BRATHWAITE / 318 | SLS21 / 3<br>LIVING ENV 1 OF 2<br>BRATHWAITE / 318 | SLS21 / 3<br>LIVING ENV 1 OF 2<br>BRATHWAITE / 318 | SLS21QL / 3<br>LIVING ENV 1 LAB 1 OF 2<br>BRATHWAITE / 318 |
| Period: 3 | RQS81 / 1<br>Career & Development<br>HORN / CAFE | PFS11 / 2<br>PHYS ED<br>LAZARUS / GYM | RQS81 / 1<br>Career & Development<br>HORN / CAFE | PFS11 / 2<br>PHYS ED<br>LAZARUS / GYM | RQS81 / 1<br>Career & Development<br>HORN / CAFE |
| Period: 4 | PHS11 / 1<br>HEALTH<br>MENDEZ / 112 | PHS11 / 1<br>HEALTH<br>MENDEZ / 112 | PHS11 / 1<br>HEALTH<br>MENDEZ / 112 | PHS11 / 1<br>HEALTH<br>MENDEZ / 112 | PHS11 / 1<br>HEALTH<br>MENDEZ / 112 |
| Period: 5 | ZLUN / 2<br>LUNCH / CAFE | ZLUN / 2<br>LUNCH / CAFE | ZLUN / 2<br>LUNCH / CAFE | ZLUN / 2<br>LUNCH / CAFE | ZLUN / 2<br>LUNCH / CAFE |
| Period: 6 | MES21 / 1<br>Common Core Algebra 1 1 OF 2<br>HARGROVE / 118 | MES21 / 1<br>Common Core Algebra 1 1 OF 2<br>HARGROVE / 118 | MES21 / 1<br>Common Core Algebra 1 1 OF 2<br>HARGROVE /118 | MES21 / 1<br>Common Core Algebra 1 1 OF 2<br>HARGROVE / 118 | MES21 / 1<br>Common Core Algebra 1 1 OF 2<br>HARGROVE / 118 |
| Period: 7 | EES81 / 3<br>ENGLISH 9 1 OF 2<br>JONES / 118 | EES81 / 3<br>ENGLISH 9 1 OF 2<br>JONES / 118 | EES81 / 3<br>ENGLISH 9 1 OF 2<br>JONES / 118 | EES81 / 3<br>ENGLISH 9 1 OF 2<br>JONES / 118 | EES81 / 3<br>ENGLISH 9 1 OF 2<br>JONES / 118 |
| Period: 8 | FSS61 / 1<br>SPANISH 1 OF 2<br>VELASCO / 110 | FSS61 / 1<br>SPANISH 1 OF 2<br>VELASCO / 110 | FSS61 / 1<br>SPANISH 1 OF 2<br>VELASCO / 110 | FSS61 / 1<br>SPANISH 1 OF 2<br>VELASCO / 110 | FSS61 / 1<br>SPANISH 1 OF 2<br>VELASCO / 110 |

HUS21/1 – یہ آپکی کلاس کا کوڈ اور سیکشن ہے۔.

**یو ایس ہسٹری** - یہ آپ کی کلاس کا نام ہے۔

OTTO – یہ آپ کے ٹیچر کا نام ہے۔

223 – یہ روم نمبر ہے۔ روم نمبر کا **پہلا عدد** اس منزل کا نمبر ہے جس پر آپ کی کلاس واقع ہے، لہٰذا یہ دوسری منزل پر ہے۔

چند کمروں کے نمبر نہیں ہیں جیسے CAFE، MC اور GYM۔ MC میڈیا سینٹر ہے اور تیسری (3) منزل پر ہے۔ CAFE کیفیٹیریا ہے اور دوسری (2) منزل پر ہے۔ GYM جمنیزیئم ہے اور بیسمینٹ (تہ خانے) میں ہے۔

یہ کلاس کوڈ اور نام پریشان کُن نظر آتے ہیں، مگر یہ ایڈوائزری ہے۔ ایڈوائزری ایک غیر تدریسی کلاس ہے جہاں آپ استاد اور اپنی کلاس کے ساتھ مختلف موضوعات پر بات کر سکتی ہیں جیسے خود توقیری، وقت تنظیمی، اچھی صلاحیتیں اور بہت کچھ

Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

# TYWLS of Queens سیل فون پالیسی

**1. کیا میں دورانِ دن اپنا سیل فون استعمال کر سکتی ہوں؟**

a. گریڈز 6 اور 7 کے سیل فون روزانہ پہلے پیریئڈ کے آغاز پر جمع کر لیے جائیں گے۔ انہیں اس دن کے آخری پیریئڈ کے اختتام پر واپس کر دیا جائے گا۔

**2. میں دوران دن اپنا سیل فون کیوں استعمال نہیں کر سکتی؟**

a. سیل فون کلاس روم کی سرگرمیوں میں طالبات کی توجہ ہٹا دیتے ہیں۔
b. طالبات سیل فون کو امتحانات کے دوران نقل کرنے کے لیے استعمال کر سکتی ہیں۔
c. سیل فون کے ذریعے سوشل میڈیا تک آسانی سے رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔ اسکول وقت کے دوران یا اسکول کے احاطے میں سوشل میڈیا کی اجازت نہیں ہے۔
d. اسکول دن کے دوران سیل فون کا استعمال کی وجہ سے طالبات بھول سے اپنی قیمتی اشیاء غلط جگہ رکھ سکتی ہیں یا انہیں چرایا جا سکتا ہے۔

**3. کیا میں کلاس کے دوران اپنا فون استعمال کر سکتی ہوں؟**

a. آپ کلاس میں اپنا فون صرف اس وقت استعمال کر سکتی ہیں جب استاد نے کلاس میں تحقیقی کام کے لیے اسکی اجازت دی ہو۔

**4. کیا میں بیت الخلا میں اپنا فون استعمال کر سکتی ہوں؟**

a. جی نہیں، بیت الخلا میں فون کا استعمال نوعمر خواتین کے لیے رکاوٹ کا سبب بنتا ہے جنہیں اس سہولت (بیت الخلا) کی ضرورت ہوتی ہے۔

**5. اگر میں دوران دن اپنا سیل فون استعمال کروں تو کیا ہوگا؟**

a. اگر طالبہ ہماری سیل فون پالیسی کی بار بار خلاف ورزی کرے گی تو اسے بطور تادیبی قدم ذیلی پروگرام میں ڈال دیا جائے گا:
i. اسکول پہنچنے پر، اسے اپنا سیل فون لازماً بند کرنا ہوگا اور اسے اپنے گریڈ کی نائب پرنسپل کے پاس جمع کروانا ہوگا۔ Mr. Diaz گریڈز 6 سے 9 تک کے نائب پرنسپل ہیں۔
ii. Mrs. Pineda گریڈز 10 سے 12 تک کی نائب پرنسپل ہیں۔
iii. اس سیل فون کو اسکول کے اختتام پر والدین / سرپرست واپس حاصل کر سکتے ہیں۔
iv. اگر یہ طالبہ اس سیل پالیسی کی خلاف ورزی کرنا جاری رکھتی ہے، جس سے تدریسی عمل متاثر ہو اور اسکول کے کام میں خلل واقع ہو۔ اس طالبہ کا اسکے اسکول میں اپنا سیل فون لانے پر پابندی لگا دی جائے گی۔

**برائے مہربانی متوجہ ہوں:**

- اگر کسی بھی وقت آپ کو اپنی بیٹی سے یا اسے آپ سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو، برائے مہربانی مرکزی دفتر سے رجوع کریں۔ آپکا ہماری معاونت کرنے اور ہماری پیشہ ورانہ تدریسی ماحول کو کم سے کم خلل اندازی کے ساتھ برقرار رکھنے میں مدد کرنے کا شکریہ۔

Mala Mala Panday, Principal
Jennifer Pineda, Assistant Principal
George Diaz, Assistant Principal
***TYWLS Together: Present, Positive, and Persevering***

150-91 87th Road
Queens, NY 11432
Phone: (718) 725-0402
Fax: (718) 725-0390
www.tywlsqueens.com

# مجھے کہاں جانا ہوگا اگر...

میرا ایک عام سوال ہے.......................................................................................... مرکزی دفتر، کمرہ 221

مجھے اپنا پتہ / فون نمبر تبدیل کرنے کی ضرورت ہے........................................................... مرکزی دفتر، کمرہ 221

مجھے گھر فون کرنا ہے................................................................................................ مرکزی دفتر، کمرہ 221

مجھے اپنا غیر حاضری نوٹ دینا ہے................................................................................. مرکزی دفتر، کمرہ 221

مجھے ملازمت کے کاغذات درکار ہیں................................................................................ Ms. Lewis، مرکزی دفتر

میرا میٹرو کارڈ کھو گیا ہے.......................................................................... Ms. Paredes، مرکزی دفتر، کمرہ 221

میرا آئی ڈی کارڈ کھو گیا ہے...................................................................... Mr. Weekes، کیفیٹیریا، کمرہ 216

میرا شیڈیول کھو گیا ہے..................................................... مشیر، Ms. Quionez، کمرہ 224/ Ms. Galimi

میرا ایک مسئلہ ہے / مجھے مدد کی ضرورت ہے............................ مشیر، Ms. Quionez، کمرہ 224/ Ms. Galimi

مجھے کالج کے بارے میں معلومات درکار ہے............................................................................ Ms. Ameer

مجھے SAT/ACT کے بارے میں معلومات درکار ہے.................................................................... Ms. Ameer

مجھے سندیافتگی کے مطلوبات کے بارے میں معلومات درکار ہے........................................................ Ms. Galimi

میں ایک کلب شروع کرنا چاہتی ہوں.................................................................................... Mr. Diaz

مجھے ایک کمپیوٹر استعمال کرنا ہے..................................................................... میڈیا سینٹر، کمرہ 316

میں بیمار / زخمی ہوں........................................................................................ طبی دفتر، کمرہ 120

میں ایک ہنگامی صورتِ حال سے دوچار ہوں...................................................... اسکول تحفظ، مرکزی برآمدہ

والدین کی ضروریات / معلومات کے لیے............................................................ Mrs. Jean-Remy، کمرہ A221

ایک ہنگامی صورت میں نزدیک ترین دفتر جائیں یا عملے کے رکن سے ملیں